## ARY الیکٹرانک میڈیا کی دنیا میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔الطاف حسین

## اے آر وائی نیٹ ورک کی تشکیل نو پر ARY گروپ کے چیئرمین حاجی عبدالرزاق، حاجی جان محمد، حاجی اقبال، حاجی عبدالرؤف،

## ARY کے چیف ایگزیکٹو سلمان اقبال، تمام نیوز کاسٹرز، صحافیوں، کیمرہ مین، نیوز ڈیسک کے تمام ارکان اور

## ARY نیٹ ورک سے وابستہ ایک ایک فرد کو الطاف حسین کی دلی مبارکباد

## ARY نے ملک کو جمہوریت، آزادیٔ صحافت، معاشرے میں مثبت اقدار کے فروغ، عوامی مسائل کو اجاگر کرنے

## اورعوام کو دین کے بارے میں آگاہ کرنے کے سلسلے میں نمایاں کردارادا کیا ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔31 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ARY پاکستان کا ایک بڑا نیوز نیٹ ورک ہے جس نے اپنے قیام سے لیکر آج تک اپنی تازہ ترین خبروں، تبصروں اور تجزیوں کے ذریعے عوام کو پاکستان سمیت دنیا بھر کے حالات وواقعات سے باخبر رکھاہے، ARY نے ملک کو جمہوریت، آزادیٔ صحافت، معاشرے میں مثبت اقدار کے فروغ ،عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اورعوام کو دین کے بارے میں آگاہ کرنے کے سلسلے میں نمایاں کردارادا کیا ہے۔خاص طور پر پاکستان کو آج جس قسم کے چیلنجز درپیش ہیں اس سے نمٹنے کیلئے بھی ARY نیوزنیٹ ورک کی کاوشیں نہایت مثبت ہیں۔ARY الیکٹرانک میڈیا کی دنیا میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے ،اے آر وائی نیٹ ورک کی تشکیل نو پر میں ARY گروپ کے چیئرمین جناب حاجی عبدالرزاق، حاجی جان محمد، حاجی اقبال، حاجی عبدالرؤف، ARY کے جواں سال چیف ایگزیکٹو سلمان اقبال، اے آر وائی نیوز کے تمام نیوز کاسٹرز، تمام صحافیوں، کیمرہ مین، نیوز ڈیسک کے تمام ارکان اور ARY نیوز، ARY ڈیجیٹل، ARY کیوٹی وی، ARY میوزک اور ARY ذوق سے وابستہ ایک ایک فرد کو اپنی اور ایم کیوایم کے تمام کارکنوں کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔مجھے امید ہے کہ ARY نیٹ ورک عوام کو حالات حاظرہ سے آگاہی اور تفریح فراہم کرنے کیلئے اپنا مثبت کردار اسی طرح جاری رکھے گا۔

## صحت اورصحت مند معاشرہ بھی قوموں کی شناخت بنتاہے، ڈاکٹر نصرت

## پیشاب میں پروٹین آنا، ہائی بلڈ پریشر یا شوگر ہونا گردوں کی بیماری کی اہم وجہ ہے، ڈاکٹر روبینہ

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں صحت سے متعلق پروگرام کا انعقاد

کراچی۔۔۔31،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں صحت سے متعلق پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں 100 سے زائد خواتین کے گردے اور بلڈ پریشر کو چیک کیا گیا اور الٹراساؤنڈ کیا گیا جبکہ بعض خواتین کے مرض کی موقع پر ہی تشخیص کی گئی اور گردے کی موروثی بیماری کے حوالے سے خواتین کو آگاہی فراہم کی گئی۔ پروگرام میں شعبہ خواتین کی کارکنان وذمہ داران نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور صحت کے حوالے سے منعقد ہونے والے 15 روزہ پروگرام کے انعقاد کو سراہا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرہ نے خواتین کے اجتماع سے خطاب بھی کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ صحت سے متعلق پروگراموں کے انعقاد سے خواتین میں شعور اجاگر کرنے کا یہ سلسلہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر شروع کیا گیا ہے اور خواتین کی ان پروگراموں میں دلچسپی ظاہر کرتی ہے کہ وہ خود بھی اپنی صحت مند معاشرے کیلئے کردارادا کرنا چاہتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ صحت اور صحت مند معاشرہ بھی قوموں کی شناخت بنتا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین ایک ایسے ہی معاشرے کی تشکیل کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اور ان کا خواب ایک دن ضرور شرمندۂ تعبیر ہوگا۔قبل ازیں گردے کے امراض کے حوالے سے ڈاکٹر روبینہ نے خواتین کو گردے کی موروثی بیماریوں، دوائیوں کے اثرات اور دیگر وجوہات کی بنیاد پر گردے کی خرابی سے پیدا ہونے والے امراض پر تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ پیشاب میں پروٹین آنا، ہائی بلڈ پریشر یا شوگر ہونا گردوں کی بیماری کی اہم وجہ ہے اور وزن کی زیادتی بھی گردوں کو متاثر کرتی ہے۔

## کے ای ایس سی کی نااہل انتظامیہ سے ادارے کو واپس لیکر قومی تحویل میں لیا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## بجلی کے بحران کے باعث شہر میں پیدا ہونیوالی صورتحال کا کے ای ایس سی کی نااہل انتظامیہ پر کوئی اثر نہیں پڑ رہا ہے

## شہر میں بجلی اور پانی کے بدترین بحران کے باعث امن وامان کی صورتحال پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا اظہار تشویش

کراچی۔۔۔31، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے شہر میں بجلی بدترین بحران کے باعث پانی کی قلت اور شہریوں کی جانب سے امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے بحران کے فی الفور خاتمے کیلئے ہنگامی اور عملی نوعیت کے اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی انتظامیہ سے دوٹوک الفاظ میں بات کی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے شہر میں برسوں سے بجلی کی مستقل لوڈشیڈنگ اور اس کے باعث پیدا ہونے والی پانی کی قلت نے عوام اور ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی زندگی اجیرن بنادی ہے، نمازیوں کو وضو کیلئے پانی میسر نہیں، اسکول، کالجوں، گھروں میں طلباء بجلی نہ ہونے کے سبب شدید متاثر ہیں، اسپتالوں میں مریض بلبلا رہے ہیں، صنعتیں اور کاروباری مراکز اتباہی کے دھانے پر پہنچ چکے ہیں لیکن کے ای ایس سی کی انتظامیہ پر اس صورتحال کا کوئی اثر نہیں پڑ رہا ہے اور اس کی مجرمانہ غفلت اور کوتاہی کے سبب شہری انگنت مسائل سے دوچار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آچکا ہے کہ حکومت کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی نااہل انتظامیہ سے دوٹوک الفاظ میں بات کریں کہ وہ یا تو اپنا قبلہ درست کرتے ہوئے اپنی ہٹ دھرمی ختم کرے یا اپنی نااہلی کا اقرار کرتے ہوئے ادارے کو حکومت تحویل میں دیدے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کے خاتمے کے فی الفور اقدامات کئے جائیں، کے ای ایس سی کی نااہل انتظامیہ سے ادارے کو واپس لیکر قومی تحویل میں لیا جائے اور شہر کے عوام کو بجلی اور پانی کی قلت کے دوہرے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا کی دوسری شکل طالبان ہیں جن کی شریعت میں پہلا فرضی کام زمینوں پر قبضہ کر کے حق داروں کو ان کی زمینوں سے بیدخل کرنا ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## سپر ہائی پر لینڈ مافیا کیجانب سے سرکاری ونجی زمینوں پر قبضے فی الفور ختم کرائے جائیں

کراچی۔۔۔31، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے سپر ہائی وے پر لینڈ مافیا کی جانب سے سرکاری ونجی زمینوں پر قبضہ کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبان دہشت گردوں کے گٹھ جوڑ کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور ان کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا کی دوسری شکل طالبان ہیں جن کی شریعت میں پہلا فرضی کام زمینوں پر قبضہ کر کے حق داروں کو ان کی زمینوں سے بیدخل کرنا ہے اور زمین پر اپنی حاکمیت کو منوانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کی طرح لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا اور طالبان دہشت گردوں شہر کراچی میں بھی سرگرم ہیں اور ان کی جدید اور آتشی اسلحہ کی نمائش اور استعمال کے باعث عوام میں شدید غم وغصہ کی لہر پائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں اغواء برائے تاوان، لینڈ گریبنگ، کارچوریاں اور دیگر جرائم اور سماج دشمن سرگرمیوں میں یہی عناصر ملوث ہیں اور گزشتہ دنوں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے طالبان نیٹ ورک کے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ سمیت گرفتار بھی کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم شہر کراچی کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے لیکن یہ بات انتہائی افسوسناک ہے کہ ایک عوامی نمائندہ جماعت ایم کیو ایم کو تسلیم کرنے کے باوجود اس کے لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبانائزیشن کے حوالے سے خدشات اور تحفظات پر توجہ نہیں دی جارہی جس کے باعث شہر کی صورتحال گھمبیر ہو کر رہ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہر نازک اور مشکل گھڑی میں نہ صرف شہر کراچی کے عوام کا ساتھ دیا ہے بلکہ ملک بھر میں آنے قدرتی آفات اور سیلاب اور دیگر مشکلات سے دوچار عوام کی بے لوث خدمت انجام دی ہے اور یہی خدمت کا عمل لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبان نیٹ ورک کی حامی قوتوں کو ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سپر ہائی وے پر لینڈ مافیا کی جانب سے زمینوں پر قبضے فی الفور خالی کرائے جائے اور اس حوالے سے شہر کے عوام میں پائے جانے والے خدشات دور کئے جائیں اور عوام سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر سے نجات دلانے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن مفتی شمیم احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔31،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے بزرگ کارکن مفتی شمیم احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان غم اور دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم بدزون کے کارکن کی والدہ محترمہ اور ابراہیم حیدری یونٹ کے کارکن کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بدین زون یونٹ گولارچی کے کارکن رفیق قریشی کی والدہ محترمہ جنت بیگم اور ایم کیوایم ابراہیم حیدری یونٹ کے کارکن غلام حسین گبول کے بھائی محمد شریف گبول کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن مفتی شمیم احمد ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت
## مرحوم کو ایئرپورٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، سوئم یکم جون پیر کو بعد نماز ظہر مسجد طیبہ سعید آباد ملیر کالونی میں ہوگا

کراچی۔۔۔31،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے بزرگ کارکن مفتی شمیم احمد ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 62 سال تھی اور ان کے سوگواران میں ایک بیٹیا دو بیٹیاں شامل ہیں۔مفتی شمیم احمد مرحوم کو ماڈل کالونی میں واقع ایئرپورٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ سعود آباد ملیر میں واقع مسجد طیبہ میں ادا کی گئی۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محمد وسیم، ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے اراکین، ایم کیوایم ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، یوسی ناظمین، کونسلر اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔مفتی شمیم احمد مرحوم کا سوئم یکم جون بروز پیر کو بعد نماز ظہر مسجد طیبہ سعید آباد ملیر کالونی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مفتی شمیم احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## لائنز کلب انٹرنیشنل اور ہمدرد انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز المنائی نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کر کے
## متاثرین سوات کیلئے عطیات پیش کیے، حیدرآباد کے صحافیوں کا بھی دورہ خدمت خلق فاؤنڈیشن

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

لائنز کلب انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ (S-1)305 کے عہدیداران وارکان، ہمدرد یونیوسٹی کے فارغ التحصیل طلبہ کی تنظیم ہمدرد انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز المنائی کے عہدیداروں نے متاثرین سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دو لاکھ روپے کا چیک اور امدادی اشیاء عطیہ کے طور پر پیش کیں اس سے قبل لائنز انٹرنیشنل کلب، المنائی اور حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے صحافیوں نے ہفتے کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی میں مرکزی امدادی کامشترکہ دورہ کیا اور وہاں سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد وبحالی کیلئے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔لائنز کلب انٹرنیشنل کے عہدیداران وارکان میں ڈسٹرکٹ گورنر ڈاکٹر بدر کلام، سید سہیل حیدر، اظہر زیدی، محترمہ نگہت جاوید، حبیب اللہ خان، محترمہ نزہت حیدر، محترمہ لبنیٰ زیدی، ڈاکٹر اکرم، محترمہ سلمہ نقوی اور محمد اکرم، ہمدرد انسٹی ٹیوٹ آف

مینجمنٹ سائنسز المنائی کے صدر فاران شہزاد، جنرل سیکریٹری یاسر جاوید، جنرل سیکرٹری شہزاد جیلانی ،فرحان حفیظ ،فیض اللہ جاوید،انصار فاروق ،کامران انصاری ، نجیب فاروقی اور ریحان علی جبکہ حیدرآباد کے صحافیوں میں دی نیشن کے عدیل پٹھان ، جرات کے راشد شفیع ، اپناٹی وی کے خالد جاوید، کاوش کے اشوک شرما، ای ڈی کابورو،کوشش کے قربان شیخ ،کامران خان،عوامی آواز کے مقبول ملاحہ ،فیصلو کے فاضل چنا،عبرت اعجاز لغاری،،سندھ کے جمن خاصخیلی ،خبریں کے شہزاز اور ڈان کے نظر سہال کے علاوہ دیگر بھی شامل تھے۔اس موقع پر لائنز کلب انٹرنیشنل نے دولاکھ روپے کا چیک اور ہمدرد انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز المنائی نے ایک ہزار کولر، سات سو بیگ آٹا اور سوعدد برقی پنکھے متاثرین کیلئے فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی اور رکن رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری کو دیئے۔اس سے قبل جب معزز مہمان خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ پر پہنچے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری، اشفاق منگی اور سیف یار خان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں جاری امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات اور دیگر امور سے آگاہ کیا۔معزز مہمانوں نے تفصیل کے ساتھ مختلف امدادی اسٹالوں کو دیکھا اور ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کی خدمات سے بے حد متاثر نظر آئے ۔بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعتراف بھی کیا۔ڈاکٹر بدر کلام ،انور جاوید اور دیگر نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر خدمت خلق فاؤنڈیشن جس طرح سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد کررہی ہے اس کی مثال کسی اور جماعت میں نظر نہیں آتی،ہم یہاں قائد تحریک الطاف حسین کی اپیل پر آئے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ہم بھی اس کار خیر میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے شانہ بشانہ ملکر متاثرین کی مدد کریں۔انہوں نے کہا کہ یہ کراچی کے عوام کا ایم کیوایم پر اعتماد ہے کہ انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں اشیائے خوردونوش اور امدادی سامان جمع کروایا کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ ان کا یہ سامان متاثرین تک ضرور پہنچے گا۔انہوں نے کہا کہ آج ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ ایم کیوایم خدمت کے دعویٰ نہیں کرتی بلکہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے۔آخر میں سید شعیب احمد بخاری نے لائنز کلب انٹرنیشنل اور ہمدرد انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز المنائی اور صحافیوں کا شکریہ ادا کیا۔بعدازاں حیدرآباد کے صحافیوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا تفصیلی دورہ کیا اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات میں تنظیمی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور میڈیا کمیٹی کے جوائنٹ انچارج سیف عباس نے انہیں تنظیمی کاموں سے متعلق آگاہ کیا اور دورہ کرایا۔

## ناظم جمشید ٹاؤن کی جانب سے سوات کے متاثرہ صحافیوں کی مدد کیلئے کے یو جے کو عطیہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ٹاؤن ناظم جمشید ٹاؤن جاوید احمد نے سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرہ صحافیوں کی امداد کیلئے غذائی اجناس اور دیگر اشیاء ضرورت سے لدے دو ٹرک عطیہ کیے ہیں۔ ہفتے کے روز ناظم جمشید ٹاؤن جاوید احمد کے نمائندہ خصوصی اور یوسی 12 کے ناظم اصغر ماما نے عطیہ کراچی یونین آف جرنلسٹس کے سیکرٹری امین یوسف کے حوالے کیا اس موقع پر ایسوسی ایشن آف ٹی وی جرنلسٹس کے جنرل سیکرٹری فہیم صدیقی ، گورننگ باڈی کے رکن فیصل عزیز، پریس کلب کراچی کے سیکرٹری اے ایچ خانزادہ سمیت دیگر سینئر صحافی ، کے یو جے کے عہدیداراور روزنامہ ایکسپریس کے ایڈیٹر طاہر نجمی بھی موجود تھے۔ یہ امدادی اشیاء آئندہ چند روز میں پشاور کی خیر یونین آف جرنلسٹس کے عہدیداروں کو بھیجی جائیں گی جہاں سے یہ متاثرہ صحافیوں میں تقسیم ہونگی اس موقع پر امین یوسف اور طاہر نجمی نے ٹاؤن ناظم جاوید احمد سے اظہار تشکر کیا۔

## مخیّر حضرات اور عوام کی جانب سے صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کی بحالی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سامان اور نقد عطیات جمع کرانے کا سلسلہ جاری ہے

کراچی۔۔۔31،مئی 2009ء

مخیّر حضرات اور عوام کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کی بحالی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جاری امدادی سرگرمیوں کیلئے امدادی سامان اور نقد رقوم جمع کرائے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں نوجوانوں ، بزرگوں ، خواتین حتیٰ کے بچوں میں بھی زبردست جذبہ دیکھنے میں آرہا ہے اور وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی میں متاثرہ خاندانوں کیلئے اپنی اپنی بساط کے مطابق امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرا رہے ہیں جس کے باعث خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں دن رات گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے۔امدادی سامان کی چھانٹی ، پیکنگ اور لوڈنگ کے سلسلے میں سینکڑوں رضا کار خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں مصروف عمل ہیں جس کے باعث امدادی سامان کی متاثرہ خاندانوں تک رسائی میں کسی قسم کی کوئی دقت اور خلل پیدا نہیں ہورہا ہے اور امدادی سرگرمیاں انتہائی منظم انداز میں جاری ہیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے کروڑوں روپے مالیت پر مشتمل سینکڑوں ٹرک روانہ کئے جاچکے ہیں جن کی نگرانی کے فرائض ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹیز انجام دے رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆